© rasailojaraid.com



کتاب سفید کاغذ پر چھپی ہے کتابت معیاری اور طباعت عمدہ ہے جلد پختہ اور ڈسٹ کور خوبصورت ہے۔ اور مکتبہ شاہد۔ علی گڑھ کالونی کراچی ۵۸۰۰، سے بچھتر (۷۵/-) روپے میں منگوائی جا سکتی ہے۔

**عقل کا دائرہ کار** — از مولانا محمد تقی عثمانی مدظلہم۔ صفحات ۳۶۔ قیمت
میمن اسلامک پبلشرز ۱۸۸/۱ لیاقت آباد کراچی ۱۹

یہ جناب حضرت مولانا محمد تقی عثمانی صاحب مدظلہم کا ایک خطاب ہے جو انہوں نے "دعوۃ اکیڈمی" اسلامی یونیورسٹی اسلام آباد میں ججوں اور وکلاء کے سامنے کیا تھا۔ جس میں اسلامائزیشن کی ضرورت اور اسلام اور عقل کا تقابل، عقل کی حدود اور اس کی فریب کاریاں اور اس کے مقابلے میں وحی الٰہی کی ضرورت اور اس کی رہنمائی کو تفصیل کے ساتھ بیان فرمایا تھا۔ اس خطاب کو حضرت مولانا عبداللہ میمن صاحب نے قلم بند کیا جس کو افادہ عام کے لیے "میمن اسلامک پبلشرز" نے خوبصورت ٹائیٹل اور کمپیوٹر کمپوزنگ کے ساتھ شائع کیا ہے اور یہ رسالہ ان لوگوں کے حق میں زیادہ مفید ہے جو اسلام کے مقابلے میں عقل کو پیش کرتے ہیں۔

**کاغذی نوٹ اور کرنسی کا حکم** — از مولانا محمد تقی عثمانی مدظلہم صفحات ۹۰ قیمت ۲۰ روپے
میمن اسلامک پبلشرز ۱۸۸/۱ لیاقت آباد کراچی ۱۹

موجودہ رائج شدہ کرنسی نوٹ کی فقہی حیثیت کے بارے میں علماء کے درمیان کافی اختلاف پایا جاتا ہے اور اس کی فقہی حیثیت کی تعیین کے بعد ہی اس سے متعلق بہت سے فقہی مسائل اور احکام کا شرعی حل نکلتا ہے۔ چنانچہ حضرت مولانا محمد تقی عثمانی مدظلہ نے عربی زبان میں اس مسئلہ پر ایک تفصیلی فقہی مقالہ تحریر فرمایا یہ فقہی مقالہ "اسلامی فقہ اکیڈمی" جدہ کے اجلاس میں پڑھا گیا اور دنیا کے اکثر چیدہ چیدہ فقہاء نے اس کی تائید کی۔ اب یہ فقہی مقالہ "احکام الاوراق النقدیہ" کے نام سے مکتبہ دارالعلوم کراچی سے شائع ہو چکا ہے۔

افادہ عام کے پیش نظر مولانا عبداللہ میمن صاحب نے اس مقالے کو اردو میں منتقل کر دیا۔ چنانچہ خوبصورت ٹائیٹل اور کمپیوٹر کمپوزنگ کے ساتھ "میمن اسلامک پبلشرز" نے اس کو شائع کر دیا ہے اللہ تعالیٰ اس کو نافع اور مفید بنائے اور فائدہ عام اور عام فرمائے۔ آمین

**العطور المجموعہ** — ترتیب: حضرت مولانا صوفی محمد اقبال صاحب مدنی۔ صفحات ۴۰۰ قیمت ۱۳۵
ناشر: مدینہ سٹیشنری مارٹ ۱۸۰۔ انارکلی لاہور

پیش نظر کتاب "العطور المجموعہ" کا جدید بیرونی ایڈیشن ہے جسے بزرگ عالم دین شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد زکریاؒ کے خلیفہ اجل حضرت مولانا صوفی محمد اقبال صاحب مدظلہ نے "نشر الطیب" اور "فضائل نبوی" سے مرتب کیا ہے نشر الطیب کی تسہیل کے ساتھ اپنی روح پرور اور ایمان آفرین تحریر میں عشق و اطاعت



© rasailojaraid.com